سوال

(177)آخری رکعات میں سورہ فاتحہ کے ساتھ کسی سورت کا ملانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چار اورتین رکعت والی نمازوں میں آخری دو یا ایک رکعت میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنا یا اس کے ساتھ کوئی سورت ملانا کونسا عمل زیادہ صحیح ہے؟ (طارق علی بروہی کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چار رکعت والی نماز کی آخری دو رکعتوں اور تین رکعت والی نماز کی آخری رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنا بھی صحیح ہے اور اس کے ساتھ اگر سورت ملالیں تو یہ بھی صحیح ہے۔ یہ دونوں عمل صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔

دیکھئے بخاری (صفة الصلوة باب یقراء فی الاخرین بفاتحة الکتاب ح 776) اور صحیح مسلم الصلوة باب القراءة فی الظہر والعصر ح 451،454) (شہادت فروری 2000)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد 1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ 387

محدث فتویٰ